ماڈل پیپر اردو "اختیاری"

برائے سیکنڈری سکول امتحان پارٹ-I (جماعت نہم)

حصہ معروضی

وقت: 20 منٹ — کل نمبر: 15

سوال نمبر 1- تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) اردو کس زبان کا لفظ ہے؟

(الف) عربی (ب) فارسی (ج) ترکی (د) ہندی

(ii) باغ و بہار کس نے تصنیف کی؟

(الف) ملا وجہی (ب) حیدر بخش حیدری (ج) رجب علی بیگ (د) میر امن

(iii) رجب علی بیگ سرور پیدا ہوئے۔

(الف) دہلی (ب) لکھنو (ج) فیض آباد (د) بنارس

(iv) "ناول" کس زبان کا لفظ ہے؟

(الف) اطالوی (ب) انگریزی (ج) فارسی (د) اردو

(v) اردو زبان کے پہلے ناول نگار ہیں۔

(الف) شوکت صدیقی (ب) ہادی رسوا (ج) پریم چند (د) نذیر احمد

(vi) ناول "گئودان" تحریر کیا۔

(الف) کرشن چندر (ب) پریم چند (ج) نذیر احمد (د) ہادی رسوا

(vii) عالیہ نے علی گڑھ یونیورسٹی میں داخلہ لیا۔

(الف) بی۔ایڈ کے لئے (ب) ایم۔ایڈ کے لئے (ج) ایم۔فل کے لئے (د) پی ایچ۔ڈی کے لئے

(viii) سید سجاد حیدر یلدرم پیدا ہوئے۔

(الف) الہ آباد (ب) لکھنو (ج) بنارس (د) دہلی

(ix) افسانہ "آنندی" تحریر کیا۔

(الف) احمد ندیم قاسمی (ب) سجاد حیدر یلدرم (ج) پریم چند (د) غلام عباس

(x) ڈرامہ کس زبان کا لفظ ہے؟

(الف) لاطینی (ب) یونانی (ج) انگریزی (د) اردو

(xi) "حمد" کس زبان کا لفظ ہے؟

(الف) عربی (ب) فارسی (ج) اردو (د) ہندی

(xii) نظم "مفلسی" تحریر کی ہے۔

(الف) علامہ اقبال (ب) نظیر اکبر آبادی (ج) مولانا حالی (د) ظفر علی خان

ماڈل پیپر اردو "اختیاری"

برائے سیکنڈری سکول امتحان پارٹ۔I (جماعت نہم)

حصہ انشائی

وقت: 2:10 گھنٹے　　　　　کل نمبر: 60

حصہ اول

سوال نمبر 2 (الف) درج ذیل نظم کے اشعار کی تشریح کریں۔　　　6+4

(i) دل جس سے زندہ ہے وہ تمنا تمہیں تو ہو　　　ہم جس میں بس رہے ہیں وہ دنیا تمہیں تو ہو

(ii) جب آدمی کے حال پہ آتی ہے مفلسی　　　کس کس طرح سے اس کو ستاتی ہے مفلسی

(iii) کسی قوم کا جب الٹتا ہے دفتر　　　تو ہوتے ہیں مسخ ان میں پہلے تونگر

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی تشریح کریں۔

(i) میر کو کیوں نہ مغتنم جانیں　　　اگلے لوگوں میں اک رہا ہے یہ

(ii) نہ گورِ سکندر، نہ ہے قبرِ دارا　　　مٹے ناميوں کے نشاں کیسے کیسے

حصہ دوم

سوال نمبر 3۔ درج ذیل نثر پارے کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور سیاق و سباق بھی تحریر کریں۔　10=6,1,1,2

پھول متی اپنے کمرے میں جا کر لیٹی تو اسے معلوم ہوا کہ اس کی کمر ٹوٹ گئی ہے۔ شوہر کے مرتے ہی اپنے لڑکے اس کے دشمن ہو جائیں گے۔ اس کا اسے کبھی خواب میں بھی گمان نہ ہوا تھا۔ جن لڑکوں کو اس نے خونِ جگر دے کر پالا تھا، جن پر اسے غرور تھا، وہی آج اسے یوں آنکھیں دکھا رہے تھے۔ واہ رے زمانے کی خوبی۔ اب اس گھر میں رہنا اسے عذاب معلوم ہوتا تھا۔ جہاں اس کی کچھ قدر نہیں، کچھ گنتی نہیں۔

سوال نمبر 4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کریں۔　　　10

(الف) بد نصیب ماں　　　(ب) گھر سے گھر تک

سوال نمبر 5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ تحریر کریں۔　　　5

(الف) مفلسی　　　(ب) اسلامی مساوات

سوال نمبر 6۔ درج ذیل میں سے چار کی تعریف کریں۔　　　20

مطلع، مقطع، تشبیہ، استعارہ، صنعت تضاد، قافیہ

سوال نمبر 7۔ پھول متی یا رستم کے کردار کا مختصر تعارف تحریر کریں۔　　　5